

Ma'ārif-e-Islāmī Research Journal
eISSN: 2664-0171, pISSN: 1992-8556
Publisher: Faculty of Arabic & Islamic Studies
Allama Iqbal Open University, Islamabad
Journal Website: https://mei.aiou.edu.pk/

Vol.21 Issue: 02 (July-December 2022)
Date of Publication: 23-December 2022
HEC Category (July 2022-2023): Y

mei.aiou.edu.pk

Article	اردو سیرت نگاری پر بیسویں صدی کے سیاسی اثرات Interpretation of political influences on Seerah writing in 20th century
Authors & Affiliations	**1. Hafiz Tasadduq Mahmood** *Ph.D Research Scholar, Institute of Islamic Studies, Punjab University Lahore. []* **2. Dr. Asim Naeem** Associate *Professor Institute of Islamic Studies, Punjab University Lahore* (asimnaeem.is@pu.edu.pk)
Dates	Received: 20-07-2022 Accepted: 10-09-2022 Published: 23-12-2022
Citation	Hafiz Tasadduq Mahmood, Dr. Asim Naeem, 2022. اردو سیرت نگاری پر بیسویں صدی کے سیاسی اثرات [online] IRI - Islamic Research Index - Allama Iqbal Open University, Islamabad. Available at: <https://iri.aiou.edu.pk/?p=74722> [Accessed 25 December 2022].
Copyright Information	اردو سیرت نگاری پر بیسویں صدی کے سیاسی اثرات 2022 © by Hafiz Tasadduq Mahmood, Dr. Asim Naeem is licensed under Attribution-ShareAlike 4.0 International
Publisher Information	Faculty of Arabic & Islamic Studies, Allama Iqbal Open University, Islamabad

Indexing & Abstracting Agencies

Tehqiqat	IRI	Asian Indexing	Australian Islamic Library	HJRS
تحقیقات تحقیقاتی اشاریہ	IRI Islamic Research Index	ASIAN Research Index	AUSTRALIAN ISLAMIC LIBRARY From darkness to light! www.AustralianIslamicLibrary.org	HJRS HEC Journal Recognition System

اُردو سیرت نگاری پر بیسویں صدی کے سیاسی اثرات

Interpretation of political influences on Seerah writing in 20th century

حافظ تصدق محمود

پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ڈاکٹر عاصم نعیم

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

Abstract

If, on one hand, 20th century has turned out to be a symbol of advancements, then on the other hand it has also proved to be a birth place of a multitude of miseries and problems. In the 20th century, the rise in publishing of books led the knowledge and wisdom to the acme of excellence and brought the whole world in harmony. Europe, Africa, Asia and America seemed to walk a long way on the road to prosperity. When knowledge and wisdom became deeply rooted in the society then the progress of commerce and industry also became a constant factor. Although the life of prophet (PBUH) was deeply studied through the ages, but it was again the 20th century that shined brightly in this aspect too. Many Muslims and Non-Muslims scholars also penned down a lot of work on the Seerah of Muhammad (PBUH). As a result of, the refined form of Seerah writing appeared before the world. Seerah writing, like other branches of knowledge, came under the influence of modern age and witnessed many improvements. It was particularly influenced by the unique political environment of Indo-Pak subcontinent. These influences have been discussed in this article.

Key Word : Colonial Impact on Seerah

عام طور پر فکری اور علمی تحریکیں عوامی سطح پر زیادہ مقبول نہیں ہوتیں بلکہ ان کا ہدف معاشرے کے ذہین ترین افراد ہوتے ہیں۔ یہ معاشرے کا وہ طبقہ ہوتا ہے جو لکھنے پڑھنے، سوچنے سمجھنے، پالیسیاں بنانے اور معاشرے کی رہنمائی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آج سے کچھ عرصہ پہلے یہ طبقہ محدود تھا لیکن دور جدید میں اس میں بہت وسعت آگئی ہے۔ حکمران، بڑے بڑے کاروباری افراد، مذہبی علماء، بیوروکریٹس اور پروفیشنلز جیسے استاذ، ڈاکٹرز، انجنیئرز اور اسکالرز اس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں کیونکہ عام لوگوں کو تمام فکری تحریکوں کے بارے میں علم نہیں ہوتا۔ اسی طرح معاشرے میں بالعموم اور دنیا میں بالخصوص تیزی سے رونما ہونے والے تغیر و تبدل سے معاشرے کی اکثریت ناواقف ہوتی ہے۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو بیسویں صدی اپنے گوناں گوں انقلابات کی وجہ سے نمایاں ہے کیونکہ بنی نوع انسان کے لیے نئے نئے چیلنجز اسی صدی میں رونما ہوئے۔

طباعت کا فروغ Rise of publishing

انیسویں صدی میں رونما ہونے والی تبدیلیوں میں طباعت کا فروغ ایک اہم سنگ میل ہے اور اس صدی میں ابلاغ و ترویج کے لیے استعمال ہونے والے ذرائع کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ تالیف و تصنیف کا رواج تو اس سے بہت پہلے بھی تھا لیکن خیالات کے اظہار کے

لیے بنیادی حیثیت قومی ذرائع یعنی اخبارات ورسائل کو حاصل تھی لیکن اسلامی فکر کا اظہار وعظ و تقریر، درس وتدریس اور مناظرہ و مجادلہ کے ذریعے ہوتا تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ تالیف طبع کا رجحان کافی بڑھ گیا، لہٰذا خیالات کی ترویج واشاعت کے لیے خاصے وسیع پیمانے پر کام ہونے لگا اور سیرت نگاری کا دامن بھی وسیع تر ہونے لگا۔ انیسویں صدی میں ادب کے دوسرے میدانوں کی طرح اردو سیرت کے میدان میں بھی نمایاں ترقی ہوئی۔ بیسویں صدی کے پہلے چالیس سال اس حوالے سے کافی اہمیت کے حامل ہیں کہ ان میں سیرت نگاری کے علاوہ مجموعی طور پر دینی ادب نے ایک اہم حیثیت حاصل کی۔

دینی ادب Religious Literature

دینی ادب کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا پہلا وہ جس میں احکام الٰہی کو بیان کیا جاتا ہے یعنی دین کن باتوں کا مطالبہ کرتا ہے۔ دوسرا حصہ وہ ہے جن میں ان احکام کے مصالح، ان کے مضمرات اور ان کی حکمتوں کو روشناس کرایا جاتا ہے، یہی وہ حصہ ہے جس میں اس دور کی دینی فکر کو دیکھا اور سمجھا جاتا ہے۔ دینی ادب کا تیسرا حصہ وہ ہے جسے دین کے مبلغین دوسرے مذاہب اور نظریات پر اپنے مذہب کی برتری ثابت کرنے اور اسے مضلین کے حملوں سے بچانے کے لیے تیار کرتے ہیں۔ پہلا حصہ بیانیہ ادب The statement Literature، دوسرا اتکلمانہ Mutual Literature اور تیسرا مناظرانہ ادب Views Literature کہلاتا ہے۔ یہ تینوں اصناف اپنی اپنی الگ پہچان رکھتی ہیں اور اپنے درمیان واضح فرق وامتیاز ہونے کے علاوہ جداگانہ اسلوب کی حامل ہیں۔ دینی ادب میں ایک خاص قسم کی معروضیت پائی جاتی ہے کیونکہ ایسا ادب انسان کی داخلی کیفیات، شخصی تاثرات اور جبلت[1] وفطرت کے عمل سے بڑی حد تک آزاد ہوتا ہے۔ اس وجہ سے دینی ادب میں فکری اور ادبی پہلو ثانوی حیثیت رکھتا ہے، فقہ اور احکام کی کتب اس کی مثالیں ہیں۔ دینی ادب کا یہی وہ حصہ ہے جس میں اس دور کے دینی مفکرین کے افکار واحساسات کی عکاسی ہوئی اور یہی چیز اسے ہمارے ادب کا قیمتی اثاثہ Valuable Asset اور متعلقہ دور کا آئینہ بناتی ہے۔

دینی اصول وضوابط اور دائمی اقدار Religious rules , laws and eternal value

دینی حقائق واقدار، اصول وضوابط دائمی اور ابدی صداقتیں ہیں ان میں مرور زمانہ کے ساتھ تغیر و تبدل کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہاں یہ سوال بھی اہمیت کا حامل ہے کہ اگر دین ابدی صداقتوں کے مجموعے کا نام ہے تو دینی احکام کی تعبیر وتوجیہ کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے۔ یہ سوال دینی ادب کے سلسلے میں بڑی مرکزی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ عدم تفہیم کی وجہ سے دین ذہنی پیچیدگیوں کا باعث رہا ہے۔ اس سوال کا جواب یہ ہے کہ صرف ایک دور نہیں بلکہ برسوں سے ایسا ہی ہوتا آیا ہے کہ ہر فرد کی ذہنی سطح اور اپج ایک جیسی نہیں ہوتی۔ دوسری وجہ وقت اور ماحول کے تقاضوں کا مختلف ہونا ہے کیونکہ ہر زمانہ اپنے ساتھ نئے فکری اور علمی مسائل لاتا ہے۔ اس پر دو طرح کے رد عمل سامنے آتے ہیں ایک طبقہ جن تعلیمات کو ازلی وعالمگیر سمجھتا ہے نئے تقاضوں کا کافی وشافی جواب نہ پاکر مضطرب ہو جاتا ہے اور یہ لوگ انحراف اور بغاوت پر اتر آتے ہیں اس صورت میں نئے حالات اور مسائل کی روشنی میں دین کی تعبیر وتوجیہ کی جاتی ہے۔ یہ عمل دین میں قطع وبرید کا متقاضی نہیں ہوتا بلکہ الہامی ہدایت پر مبنی ہوتا ہے کیونکہ قرآن وحدیث کی تعلیمات بھی اسی ضرورت پر روشنی ڈالتی ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے ہر معاملہ میں تفصیلی ہدایت نہیں دی بلکہ کائنات کی بنیادی حقیقتوں اور دین کے اساسی اصولوں کو بیان فرمادیا ہے۔ اسلام کا ایک خاصہ یہ بھی ہے اس نے ایک طرف ابدی اصول واقدار فراہم کی ہیں تو دوسری طرف ان حالات ومسائل سے نمٹنے کے لیے اجتہاد کا دروازہ بھی کھلا رکھا ہے۔ یہی وہ نظام ہے جس کے زیر اثر ہر دور میں دینی ادب کا ایک قیمتی خزانہ وجود میں آتا ہے۔

اسلام اور اس کی تعلیمات پر جو اعتراضات مخالفین اسلام کی طرف سے وارد ہوتے ہیں وہ بھی مفکرین کی توجہ اپنی طرف مبذول کر لیتے ہیں یوں دین کی مدافعت میں ادب کا ایک پہلو وجود میں آتا ہے۔ ہر دور میں اسلام پر ہونے والی یلغار کا مفکرین نے مسکت جواب دیا اور یہ پہلو دین کی مزید تشریح وتوضیح کا باعث بنا۔

دینی ادب اپنے تہذیبی دور سے بھی ایک خاص قسم کا رشتہ رکھتا ہے اور اس یعنی نوآبادیاتی دور[2] کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ دور ملت اسلامیہ کی تاریخ میں فیصلہ کن موڑ کی حیثیت رکھتا ہے۔ تمدنی، فکری اور سیاسی حیثیت سے جو دور 1831ء اور 1857ء کے بعد شروع ہوا تھا وہ 1911ء میں ختم ہو گیا کیونکہ تقسیم بنگال[3] کی منسوخی مسلمانوں اور برطانوی حکومت میں سمجھوتے کی امید پر پانی پھیر گئی اور ٹکراؤ اور مخاصمت نے جنم لے لیا تھا۔[4]

1917ء میں انقلاب روس کے بعد اشتراکیت[5] ایک عالمگیر تحریک بن گئی کیونکہ اشتراکیت کے علمی اور سیاسی ڈانڈے ترقی پسند فکر سے جا ملتے ہیں۔ ان تمام علمی وسائل سے مستفید ہو کر کارل مارکس[6] Marx , Karl Heinrich(1818-1883) نے تخلیقی سطح پر نظریہ اشتراکیت کی تشکیل کی اور سیاسی تحریک کا بھی آغاز کر دیا۔ روس کی ترقی سے متاثر ہو کر ہندوستان میں بھی سوشلسٹ[7] اور کمیونسٹ پارٹی وجود میں آ گئی اور اس ہندوستانی کمیونسٹ پارٹی میں مقامی دانشور بھی شامل تھے۔ سوشلزم[8] کا چرچہ 1935ء میں شروع ہوا اور 1947ء تک اس کا جادو سر چڑھ کے بولنے لگا اور لکھنے والوں کی اکثریت اس سے خصوصی طور پر متاثر ہوئی۔

نوآبادیاتی عہد کی تاریخ کے ایک اہم مصنف ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی اس تمام دور انیے پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

ادھر ہندوستان میں تحریک آزادی زور پکڑ چکی تھی، دو بڑی قومیں ہندو مسلم آزادی کے لیے متحدہ کوشش کر رہی تھیں۔ میثاق لکھنو(1916) اور تحریک عدم تعاون(1919) اتحاد پر مبنی مظاہر ہیں۔ دونوں قومیں یکساں جانفشانی سے انگریز کے خلاف سینہ سپر رہیں حتی کہ 1935ء میں انگریز سامراج کمزور ہونے لگا اور دوسری جنگ عظیم (1939ء-1945ء) نے اس کی بنیادوں کو مزید متزلزل کر دیا۔ 1935ء میں دستور کے مطابق ہندوستان میں قومی حکومتیں قائم ہوئیں مگر اس کے نتیجے میں ہندو مسلم اختلافات اور شدید ہو گئے اور مسلم لیگ کانگریس سے دور ہوتی گئی یوں ہندو مسلم اتحاد کانگریس کی تنگ نظری کی نذر ہو گیا۔ تحریک عدم تعاون[9] جو تحریک خلافت کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی اسے گاندھی، موہن داس کرم چند(1869-1948ء)[10] نے بلا مشورہ ختم کر دیا، اور فروری 1922ء میں چوراچوری[11] کے واقعہ کو بہانہ بنا کر گاندھی نے یہ من مانا اقدام کیا۔[12]

برصغیر میں نوآبادیاتی دور Colonial Era in Subcontinent

برصغیر میں نوآبادیاتی دور[13] مسلمانوں کے لیے سیاسی زوال اور معاشرتی، مذہبی اور اخلاقی انحطاط سے عبارت ہے اس صورت حال میں برصغیر کے مسلم باسیوں کو بالخصوص ایک ایسی فکری اور اصلاحی راہنمائی کی ضرورت تھی جو اس وقت کی نابغہ روزگار ہستی شاہ ولی اللہ (1703ء-1762ء)[14] نے شروع کی جو اس دور کے ان علائق سے واقف تھے جو مسلمانوں کو جکڑے ہوئے تھے اور ان عوارض کا تدارک کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے تھے جن میں ملت اسلامیہ مبتلا تھی۔ ان کے ذہن میں اسلام کا منطقی، عملی اور تشکیلی تصور بھی موجود تھا جس کی روشنی میں مسلمانان برصغیر کے دکھوں کا مداوہ ممکن تھا۔ سب سے اولین کوشش شاہ صاحب نے یہ کی کہ مسلمانوں کے سیاسی اقتدار کو تباہی سے بچایا جائے اور امن وامان قائم کیا جائے تاکہ مذہبی، معاشرتی اور ثقافتی اصلاحات کا وقوع ممکن ہو سکے۔ اس ضمن میں اگرچہ شاہ صاحب کی عملی کوششیں بارآور نہ ہو سکیں کیونکہ حکمران کاہلی اور سستی کا مظاہرہ کرتے رہے لیکن آپ نے اپنے وابستگان میں جو شعور پیدا کر دیا تھا اس نے بعد میں آنے والے مصلحین اور مجاہدین شاہ عبد العزیز(1746ء-1823ء) اور سید احمد بریلوی[15](1786ء-1831ء) وغیرہ نے اپنی اپنی حد تک اس سے فائدہ اٹھایا اور برصغیر کے مسلمانوں کی فلاح و کامرانی کے لیے عملی کوششیں جاری رکھیں۔ ان کی تحریک جہاد کو کامیابی حاصل نہ ہو سکی لیکن انگریزوں کے خلاف 1857ء کی جنگ آزادی ان ہی کے پیدا کردہ جذبہ واحساس کے تحت واقع ہوئی، یہ جنگ بھی مسلمانوں کو ابتلاء وآزمائش سے نہ بچا سکی بلکہ مسلمانوں کے مسائل میں اور اضافہ ہو گیا۔ تاہم برصغیر کے مسلمان اس جنگ کی وجہ سے اس قابل ضرور ہو گئے تھے کہ اپنی ناکامیوں کا محاسبہ کر سکیں اور اپنے قومی مستقبل اور اجتماعی شعور کے لیے ایسی راہ منتخب کر لیں جس پر چل کر اپنا مستقبل محفوظ کر لیں۔ پھر سر سید احمد خان(1817ء-1898ء)[16] ان کے فکری و عملی راہنما کے طور پر سامنے آتے ہیں۔

1857ء کے احساس شکست نے مایوسی کی جو کیفیت پیدا کی تھی اس نئی جہت نے اسے دور کر دیا، ملی وجود کا احساس اور ہر شعبے میں اس کا اظہار اس دور کی نمایاں خصوصیات ہیں۔1914ء سے 1939ء تک یعنی دونوں عالمی جنگوں[17] کا عرصہ ایسی حیثیت رکھتا ہے جہاں پرانے راستے مسدود ہونے کے بعد نئے باب واہوتے ہیں، یہ عہد سابقہ اور لاحقہ دور میں ایک گزرگاہ کی حیثیت کا حامل ہے۔اس دور نے جہاں دوستوں اور دشمنوں کی صف بندی کر دی وہیں سیاسی اور تہذیبی اہداف کو بھی واضح کر دیا۔اس طرح اس دور کو ملت اسلامیہ کے جدید ذہن کی تشکیل کا دور کہا جاسکتا ہے کیونکہ مستقبل کی تحریکات نے اسی دور میں عملی صورت اختیار کی۔اس عہد کی دوسری اہم خصوصیت اتحاد و اتفاق ہے جدید اور قدیم استعارے یہاں بغل گیر دکھائی دیتے ہیں۔جدید فکر کی حامل علی گڑھ[18] سے تیار ہونے والی نسل بھی عملی میدان میں آگئی اور قدامت کا علمبردار دیوبند[19] بھی آزادی مسلم کا نعرہ بلند کرنے لگا۔یہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک عجیب تجربہ تھا جس نے اس زمانے کو منفرد حیثیت بخشی، لہٰذا یہ ماحول بھی اپنے عہد میں پیدا شدہ دینی ادب پر اثر انداز ہوا۔قدیم روایات سے انحراف اور نئے دور کے فکری، تعلیمی، تہذیبی، سماجی اور اخلاقی مسائل سے نبرد آزمائی کی جھلک اس دور میں صاف دکھائی دیتی ہے۔
اس سارے زمانے میں مسلمان تاریخ کے شدید چیلنج سے دوچار رہے۔مغرب کا چودہویں صدی سے شروع ہونے والا انقلاب اپنی تکمیل کو پہنچ چکا تھا، بزعم خود خدائی انسان[20] نے فکر و عمل کی نئی تنظیم بندی کی۔اب دنیا کی توجہ مابعد الطبیعاتی[21] مسائل نہیں تھے بلکہ طبیعات[22] تھی، مذہب کے جو اصول نئی فکر سے متصادم دکھائی دیے ان کو پس پشت ڈال دیا گیا اور مذہب کے بارے میں حقارت کا رویہ اختیار کیا گیا اور یہی مغربی اقوام کے سیاسی تفوق کا شاخسانہ ثابت ہوا۔[23]
پوری دنیا کی طرح برصغیر پاک وہند کی ذہنی سطح بھی اس سارے ماحول سے متاثر ہوئی مغرب کا الحاد[24] و زندیقیت یہاں بھی رنگ جمانے لگا۔جلتی پر تیل کا کام ان مسیحیوں نے کیا جو یہاں تخت حکومت پہ براجمان تھے کیونکہ مغربی افکار کی یلغار سامراجی اور استعماری[25] قوتوں کی سرپرستی میں ہو رہی تھی۔مغرب برصغیر میں نیم خواندہ اور غیر مہذب مشرق کو تعلیم دینے میں مصروف تھا۔[26]

انیسویں صدی کے اہم فکری رجحانات

The main Intellectual trends of the nineteenth century

انیسویں صدی کا یہ تصادم غیر متوازن Unbalanced collision تھا کیونکہ مسلمان محکوم اور انگریز حاکم تھا جس نے علمی میدان میں مسلمانوں کی قوت مزاحمت power of resistance کو متاثر کیا۔المختصر انیسویں صدی نے تین اہم فکری رجحان بیسویں صدی کو ورثے میں دیے۔

1۔آزادروی اور مصالحت کا رجحان

The tendency towards independence and reconciliation

2۔اسلام کے عقل و سائنس کا مؤید ہونے کا رجحان

The tendency to become the intellect of Islam and Science

3۔مصالحت اور عقل و سائنس کی تائید کا رجحان

The tendency to support reconciliation and intellect and Science

سیاسی اعتبار سے بھی یہ دور خاص اہمیت کا حامل ہے جنگ آزادی کی ناکامی کے باوجود انگریز کی قوت کا سحر ٹوٹنے لگا تھا، مشرق سے جاپان کا ابھرنا اور ایک مغربی طاقت کو شکست دینا ایام کی تبدیلی کا واضح اشارہ تھا۔[27]
روس کے جاپان سے شکست کھانے کے بعد عالمی طاقت کا توازن بگڑ گیا، دولت عثمانیہ (Ottoman Empire) پر بھی اسی دور میں دست دراز کیا گیا کیونکہ برطانیہ نے سر عام دولت عثمانیہ (1281-1924)[28] کے خلاف کھلم کھلا جارحانہ رویہ اختیار کیا۔عربوں اور عثمانی یورپ[29] کو بغاوت پر ابھارا گیا اور یہ سلسلہ پہلی عالمی جنگ (1914-1919) بلکہ اس کے بعد تک جاری رہا۔[30]

نو آبادیاتی دور کی خصوصیات Merits of Colonial period

برصغیر میں بھی سلطنت برطانیہ(Empire, British)[31] نے بے اعتدالی اور ناانصافی کا بازار گرم کر رکھا تھا جس نے برطانیہ کی مخالفت کے رجحان کو مزید تقویت دی۔ان حالات نے مسلمانوں کو اس حقیقت سے دوچار کیا کہ وہ عددی اعتبار سے اب بھی سیاسی اقلیت ہیں۔ان کو آزادی کی جدوجہد میں اپنا مخصوص موٴقف ترتیب دینے کی ضرورت شدت سے محسوس ہوئی اور یہی احساس تیس سال کی کدوکاش کے بعد مطالبہ آزادی کی شکل میں نمودار ہوا۔اس سارے پس منظر نے جذبہ اسلامی قومیت کو ابھارا اور اس تصور کی وضاحت کی۔

اگر اس دور کی تہذیب و تمدن کی بات کی جائے تو اس عہد میں نمودار ہونے والی تبدیلیاں قابل ذکر ہیں۔اس عہد میں تعلیمی انقلاب Revolution[32] کے اثرات رونما ہونا شروع ہو گئے تھے۔ایک طبقہ وہ تھا جسے جاگیردارانہ نظام[33] نے پروان چڑھایا اور دوسرا طبقہ ان تعلیمی اداروں سے فیض یاب ہونے والا متوسط طبقہ تھا۔ اس دور میں صنعتی انقلاب Industrial revolution[34] کی کرنیں بھی پھوٹنے لگیں، قومی زندگی میں اور سیاسی دھارے میں نوجوان نسل کا معتدبہ اضافہ ہوا نیز صنعتی ترقی کے ساتھ اس طبقے کا ارتقاء بھی ضروری تھا۔یہ تمام تبدیلیاں قومی زندگی کے نشیب و فراز کو بلواسطہ اور بلاواسطہ متاثر کر رہی تھیں۔ فکری اور نظریاتی طور پر بھی یہ دور اہمیت کا حامل ہے،انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے شروع میں یورپ میں قومیت اور اشتراکیت نے بہت زور پکڑا۔ پہلا اشتراکی انقلاب روس[35] میں 1917ء میں رونما ہوا۔ بیسویں صدی کے تیسرے عشرے میں جرمنی، اٹلی اور دیگر ممالک میں قومی اشتراکیت، فاشزم Fascism[36] اور نازی ازم نے فروغ حاصل کیا۔ان تحریکات نے برصغیر پاک و ہند کے نوجوان ذہن کو بھی متاثر کیا اور بہت سے نظریاتی مباحث نے جنم لیا۔انیسویں صدی کے وسط میں ہندو دھرم اور تہذیب کے احیاء کی تحاریک کام کر رہی تھیں، آریہ سماج[37] اور سنگھٹن نے فروغ پایا حتیٰ کی شدھی[38] کی منظم کوشش کی گئی۔اس پس منظر نے ہندو مسلم میں مذہبی جداگانہ احساس کو تقویت بخشی، سیاسی اتحاد کی کوششیں بھی اس بعد Distance کو کم نہ کر سکیں۔[39]

اس تناظر میں برصغیر کے نمایاں اہل قلم کا ذکر کیا جائے تو شبلی نعمانی کی علمی روایت میں عقلیت Rationality ، تاریخیت Sanity اور حرکیت Dynamics کو نمایاں حیثیت حاصل رہی ہے اور ان کی عقلیت پر اعتزال کا بھی اثر ہے۔نئے دور میں عقلیت کی روایت نے ابو الکلام آزاد (1888ء-1958ء)، ڈاکٹر محمد اقبال (1877ء-1988ء) اور ابو الاعلی مودودی (1903-1979ء) کی تحریروں میں بالکل نیا آہنگ اختیار کیا اور نیا علم الکلام (Scholasticism) تیار ہوا جو بیسویں صدی کے افکار و مسائل کے درمیان معرض وجود میں آیا۔ شبلی (1857-1914ء)[40] کی تاریخیت کا بہترین اظہار ان اداروں اور افراد کے ذریعے ہوا جن کی تعمیر میں شبلی نے نمایاں حصہ لیا یعنی ندوۃ العلماء لکھنو اور دار المصنفین اعظم گڑھ۔ یہ ہے وہ ذہنی، تہذیبی اور سیاسی پس منظر جس میں اس دور کا دینی ادب وجود میں آیا۔

بحیثیت مجموعی نو آبادیاتی دور ہندوستان کے باسیوں کے جمود Fitched میں حرکت اور تحریک کا باعث بنا،اس دور میں علمی، مذہبی اور سیاسی بیداری نے جنم لیا۔ آزاد روی کے قائلین نے سائنس، عقلیت اور تمدن جدید کی اقدار کو بنیاد بنا کر مذہب کی تشکیل نو کی کوشش کی۔اس صدی میں دین اور سیاست کا تعلق اور گہرا ہو گیا، فکری، تعلیمی اور سیاسی میدانوں میں مذہبی بیداری پیدا ہوئی۔ اگرچہ ایک قلیل گروہ نے غیر اسلامی تصور حیات کو قبول کیا تاہم اکثریت نے اسلامی اقدار و روایات سے اپنے جذباتی رشتے کو مضبوط رکھا۔اس دور کا دینی ادب اپنے اندر گوناں گوں اسالیب نگارش رکھتا ہے۔ مثلاً مذہب اور عقل و سائنس کی بحث سے تمام اہل علم نے تعارض کیا، ماضی میں عقل و سائنس کے بارے میں رجحان یہ تھا کہ سائنس کو محکم مانا جائے اور مذہب کی ان باتوں کی تاویل کی جائے جو سائنس سے متصادم ہیں۔ جن و ملائکہ، حشر و نشر، عالم برزخ، معجزات ﷺ اور معراج النبی ﷺ وغیرہ کے بارے میں یہی رویہ اختیار کیا گیا۔ دوسرا رجحان اسلام کو عقل و سائنس کا موٴید دکھانے کا تھا جس کے تحت سمجھا جانے لگا کہ یورپ کی ترقی ہماری مرہون منت ہے اور آج جدید یورپ

سے ہم جو کچھ لے رہے ہیں یہ ہماری ہی وراثت ہے ۔پہلا رجحان عنایت اللہ خان مشرقی (1888-1963)، غلام احمد پرویز(1903-1985)اور غلام جیلانی برق(1901-1985) کے ہاں دکھائی دیتا ہے۔یہ رجحان دبتا گیااور دوسرامزید ترقی کرتا گیااور ان سے مزید دو رجحان رونما ہوئے۔ایک یہ کہ سائنس،عقلیت اور آزاد پسندی کا تنقیدی جائزہ لیا گیااور یہ واضح کیا گیا کہ ان میں سے ہر ایک کا کون سا پہلو ثابت اور غیر ثابت پہلو کون کون سا ہے اور آیا مذہب کو سائنس کے تابع کرنا ضروری ہے یا مذہب، عقل اور سائنس ہر ایک اپنے اپنے طریقے سے حقیقت تک پہنچنے میں مدد دیتے ہیں۔حقیقت یہ ہے کہ سائنس کی فراہم کردہ معلومات حد یقین کو نہیں پہنچتیں،علامہ شبلی نے عقل اور فلسفہ سے مذہب کی تائید کو واضح کیا۔[41] علامہ اقبال(1877-1988ء) نے مذہب اور سائنس دونوں کی تکمیلی حیثیت کو واضح کیا۔[42]

مولانا ابوالکلام(1888-1958ء) نے وحی،جبلت،وجدان اور عقل کے تعلق کے حوالے سے بحث کی اور بتایا کہ ایک دوسرے کی تصحیح اور تکمیل کرتا ہے۔[43]مولانا محمد علی جوہر(1878-1931) نے کشف، عقل اور نقل کے رشتے کو غیر منفک ثابت کیا اور عقل و سائنس کے نام پر نقل کو قربان کرنے کو غلط قرار دیا۔[44]

مولانا ابوالاعلی مودودی(1903-1979ء) نے سائنس اور سائنسی فکر کی حدود کو واضح کیا اور مذہب و سائنس کے تعلق کو بیان کیا ۔[45]

اور مولانا ظفر علی خان(1873-1956) نے جان ولیم ڈریپر(1811-1882) کی کتاب کا اردو میں ترجمہ معرکہ مذہب و سائنس کے نام سے پیش کیا۔جس میں سائنس اور مذہب کے تصادم کو بیان کیا گیا ۔علاوہ ازیں ڈاکٹر عبد الحق (1870-1961) نے طویل مقدمہ مذہب اور سائنس کے تعلق کو واضح کرنے کے لیے لکھا جس میں دونوں کی حدود کے تعین کے ساتھ ساتھ ان کے باہمی رشتے کو بھی وضاحت سے بیان کیا گیا۔اس طرح اس عہد میں مذہب و سائنس کے بارے میں ماضی میں پائے جانے والے ابہام کا تدارک ہو گیا۔دوسرا رجحان جو سامنے آیا وہ یہ تھا کہ سائنسی معلومات کو دینی مباحث میں استعمال کیا جائے،سائنس نے جن مسائل کو جنم دیا ان پر اسلامی نقطہ نظر سے روشنی ڈالی جائے اور یہ (سائنس) جدید علم الکلام کا قیمتی جزو ہے۔

مدافعت و مصالحت کا دائرہ کار The scope of immune and reconciliation مذہب اور تاریخ کی بحث بھی اسی دور کی پیداوار ہے جس کا آغاز مسیحی اعتراضات سے ہوا،ان اعتراضات کا جواب دینے کے لیے اسلامی تاریخ سے مثالیں پیش کی گئیں جس سے ایک کثیر سرمایہ علم وجود میں آیا۔اب مدافعت کے بھی دو پہلو سامنے آئے ایک یہ کہ جس چیز پر مخالف اعتراض کرتا ہے اس کے وجود دین ہونے سے سرے سے ہی انکار کر دیا جائے۔دوسرا پہلو یہ تھا کہ ہدف تنقید کے متعلق تحقیق و تفتیش کی جائے اس کے بعد اس اعتراض کے وقوع پذیر ہونے کا سبب بیان کر دیا جائے۔دوسرا رجحان زیادہ قوی ہونے کی وجہ سے ترقی پا گیا جس سے مسلم ثقافت، طرز حکومت، فتوحات اور تمدن و علم کے علاوہ تاریخی کارناموں پر ایک ضخیم ادب معرض وجود میں آیا۔لیکن اس کے ساتھ ساتھ کچھ نقص اور کمزوریاں بھی اس میں دیکھی جاسکتی ہیں کہ ابتداءً صرف من پسند پہلو اجاگر ہوئے جس سے عدم توازن کی کیفیت پیدا ہوئی لیکن جب تحقیق کا رشتہ تاریخ سے جڑا تو مسلمانوں کے نظام حیات کی تصویر نمایاں ہوئی۔اس عہد میں بالخصوص دور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اور دور خلافت راشدہ کا مطالعہ مسلمانوں کی سوچ کا محور و مرکز ٹھہرا جس نے مسلمانوں کے ذہن اور ان کی اقدار کے معیار کو متاثر کیا۔جس سے مغرب سے مرعوبیت اور اس کی نقالی اور بے جا تقلید میں واضح کمی واقع ہوئی اور اپنے ماضی سے راہنمائی کا رجحان پیدا ہوا، نیز اپنے ماضی کے بارے میں تنقیدی نظریہ بھی ابھرا۔اسی کا نتیجہ ہے کہ سیرت النبی ﷺ مطالعہ کا خاص موضوع بن گئی اور اس دور میں سیرت پر اتنا زیادہ لٹریچر تیار ہوا کہ تاریخ کے کسی دور میں اتنی مختصر مدت میں اتنا وسیع ذخیرہ علم تیار نہیں ہوا۔

اس تاریخی لٹریچر نے ایک نئی بحث کو وجود بخشا کہ اگر مسلمان ماضی میں عظیم طاقت اور نمونہ تھے تو وہ کیا اسباب ہیں جنہوں نے مسلم امہ کو یہ دن دکھائے؟اور کون سی راہ ہے جس پر چل کر ملت اسلامیہ اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکتی ہے؟اس دور میں دینی ادب

میں یہ سوال کثرت کے ساتھ گردش کرنے لگا اور ہر اہم لکھنے والے نے اس سوال کو قابل اعتناء سمجھا۔ دلچسپ بات یہ کہ اکثر و بیشتر نے مسلم امہ کے زوال کا سبب دین سے دوری کو بتایا۔ اسلام کے سرچشمہ ہدایت کے مقابلے میں مسلمانوں نے جاہلی اثرات کو اپنی روزمرہ زندگی میں جگہ دی جس کی وجہ سے مسلم امہ روبہ زوال ہوئی۔ اس بحث کا نتیجہ یہ نکلا کہ اسلام کا احیاء ہی ملت اسلامیہ کو درپیش مسائل کا واحد حل ہے اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں اور دنیوی ترقی کا راز بھی دینی ترویج میں مضمر ہے۔

اسلام اور مغربی تہذیب Islam and western Civilization

اسلام اور مغربی تہذیب کے تعلق کی بحث بھی انیسویں صدی میں سامنے آئی کیونکہ نوآبادیاتی نظام کا مطلب ہی اغیار کا تسلط ہے اور تسلط نوآبادیات پر غالب آنے کا نام ہے، یہ غلبہ ذہنی، قلبی، نفسیاتی اور شعوری ہوتا ہے۔ لوگوں نے مغربی تہذیب کو قبول کرنے میں اپنے لیے راہ نجات تلاش کی، سماجی و معاشرتی، ثقافتی و تمدنی اور تعلیمی امور میں بڑی تیزی کے ساتھ وکٹورین تہذیب و ثقافت نے اپنی داغ بیل ڈال دی، بالخصوص تعلیم یافتہ طبقہ اس تقلید کو اپنے لیے باعث فخر سمجھنے لگا۔ اکبر الٰہ آبادی (1846-1921ء) نے اس پر ٹوکا مگر مغرب کی برتری کا احساس جلد جڑیں پکڑنے لگا۔ لہٰذا اس دور میں اسلام اور مغربی تہذیب دو متبادل نظاموں کے طور پر سامنے آئے اس پر بہت لے دے ہوئی، نتیجہ یہ نکلا کہ اسلام کی اخلاقی میزان کو سامنے رکھ کر مغرب کی ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھایا جائے مگر مقاصد زندگی، اصول زندگی اور قانون حیات اسلام سے ہی لیے جائیں۔

اشتراکیت Communism

اشتراکیت [46] تب موضوع سخن بنی جب روس میں اشتراکی انقلاب نے سر اٹھایا۔ برصغیر پاک و ہند میں یہ بحث تب دلچسپ شکل اختیار کر گئی جب اس میں اسلام اور مذہب و سائنس والی بحث کا عکس نظر آنے لگا۔ کیوں کہ یہاں بھی اسی طرح دو طبقات سامنے آئے ایک اشتراکیت اور سوشلزم [47] کو اسلام کا عکس کہنے لگا اور دوسرا سرے سے اس کو اسلام کا ضد سمجھتا تھا اور تیسرا طبقہ اسلامی سوشلزم اور غیر اسلامی سوشلزم کا قائل ہو گیا۔ پنڈت جواہر لعل نہرو نے کھلے بندوں سوشلزم کی تبلیغ شروع کر دی تو نوجوان نسل اس سے متاثر ہوئی۔ سوشلزم کے اسلام سے متصادم ہونے والے علماء نے اسلامی کی معاشی فکر میں سے زکوۃ، سود اور قانون وراثت پر خصوصی بحث کی اور اسلام کا سوشلزم اور سرمایہ داری کے نظام سے مختلف ہونا واضح کیا۔ جس گروہ نے یہ مؤقف اختیار کیا کہ سوشلزم اسلام ہی کی ایک شکل ہے ان میں ابوالکلام آزاد، مولانا مودودی، حفظ الرحمن سیوہاروی (1901-1962) اور مسعود عالم ندوی (1910-1954) وغیرہ شامل ہیں۔ [48]

اور اسلامی سوشلزم اور غیر اسلامی سوشلزم، اسلامی کمیونزم اور غیر اسلامی کمیونزم کا نعرہ لگانے والوں میں عنایت اللہ مشرقی (1888-1963ء) کا نام لیا جاتا ہے۔ [49]

اس عہد کے یہ موضوعات بعد کی سیاسی اور تہذیبی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوئے۔ تحریک پاکستان نے جس بنیاد پر ترقی حاصل کی وہ بھی یہی تھی کہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کی ضروریات کی تکمیل کے لیے مددومعاون ہے۔ معاشرت، معیشت، سیاست سب شعبہ ہائے زندگی کی راہنمائی اسلام کی تعلیمات میں موجود ہے۔ انیسویں صدی کا آخر اور بیسویں صدی کے ربع اول میں مغرب کی سیاسی اور علمی تحاریک برصغیر میں مقبول ہو چکی تھیں۔ یہاں انگریزی شعراء بہت مقبول ہوئے جن کے سبب آزادی اور سوسائٹی کی نئی تشکیل کی لگن پیدا ہوئی۔ تنقیدی لحاظ سے شعراء کا امریکی جنگ آزادی، انقلاب فرانس اور معاشرے کی نئی تعمیر سے نوجوانوں کا علمی تعلق انقلاب کا پیغام بن کے آیا۔ ان شعراء کے وسیلے سے ہماری نوجوان نسل فرانسیسی مفکرین، روسو، ژاں ژاکس (Rousseau , Jean Jacques (1712-1778 [50]، والٹیئر Voltaire (1694-1778) [51]، اور ہوبز تھامس Hobbes Thomas [52] (1588-1679) کے انقلابی خیالات سے بھی روشناس ہوئی۔

جنگ آزادی 1857ء Jung of Liberty

1857ء بجا طور پر برصغیر میں اہم سیاسی موڑ کی حیثیت رکھتا ہے لیکن اس کے تہذیبی اثرات بھی کچھ کم نہیں ہیں۔اس سیاسی اور تہذیبی تبدیلی نے مسلمانوں کو براہ راست متاثر کیا۔اس کے علاوہ عیسائی مشنریز جو اس سانحے سے پہلے ہی یہاں وارد ہو چکی تھیں اس واقعے کے بعد ان کے حوصلے اور بلند ہو گئے، وہ نہ صرف پیغمبر اسلام ﷺ کی ذات اقدس کو نشانہ تنقید بنا رہی تھیں بلکہ تعلیم، زبان اور ادب سب کو متاثر کر رہی تھیں۔یہی وہ دور ہے جب سر سید احمد خان اور ان کے رفقاء نے قرطاس و قلم کا میدان سنبھالا اور پیغمبر اسلام ﷺ کی ذات اقدس کو ہدف تنقید بنانے والوں کو جواب دیا۔ سر سید احمد خان(1817-1998ء)، مولوی چراغ علی(1844-1895ء)، سید امیر علی(1849-1928ء) اور ابوالکلام آزاد(1958-1888) نے عیسائیت کے حملوں کا جواب دیا اور یہیں سے سیرت نگاری میں مختلف رجحانات نمایاں ہوئے۔1757ء میں مسلمانوں کا جو تنزل شروع ہوا وہ 1857ء میں انتہا کو پہنچ گیا۔ سیاسی انقلاب کے علاوہ جو انحطاط اور تنزل مسلمانوں کی تمدنی اور اقتصادی زندگی میں رونما ہوا وہ اس سے بھی زیادہ تھا۔اقتصادی اور ذہنی پستی کی اصلاح کے لیے ضروری تھا کہ مسلمان انگریزی تعلیم حاصل کریں۔ لیکن اس کے لیے ضروری تھا کہ ایک ایسی زبان تیار ہو جو فارسی کی جگہ لے سکے کیونکہ اب تک مسلمانوں کی زبان فارسی تھی۔ نیز اب یہ ضروری تھا کہ ایک ایسا لٹریچر وجود میں آئے جو مسلمانوں کی زبوں حالی کی تصویر کشی کر سکے۔ایک نئی نثر رائج ہو جو زور انشاء دکھانے کے لیے نہیں بلکہ روزمرہ کے واقعات بیان کرنے کے کام آئے۔اور تحریک علی گڑھ نے یہ محاذ سنبھال لیا، سر سید کی تعلیمی اصلاح کا زمانہ اردو ادب کا بھی عہد زریں ہے۔[53]

اس کارواں کے روح رواں، دست راست اور سر خیل سر سید ہیں بایں وجہ ان کے مختصر تعارف کے بعد ان کی شاہکار اور معرکۃ الآراء تصنیف خطبات احمدیہ پر سیاسی اثرات کا جائزہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

سر سید احمد خان کا تعارف Introduction of Sayed Ahmed Khan

سر سید نے 1839ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی ملازمت اختیار کی لیکن دہلی دربار سے بھی وابستہ رہے۔1857ء میں انہوں نے برطانیہ کے ساتھ پوری وفاداری نبھائی۔اس موضوع پر ان کی تین تصانیف ہیں۔ تاریخ بجنور (1858ء) اسباب بغاوت ہند (1858ء) اور لائل محمڈنز آف انڈیا (1860ء)۔ان سیاسی مسائل کے علاوہ جن سے انہیں 1859ء میں دوچار ہونا پڑا، مغربی تہذیب کو جانچنے اور پرکھنے کا دینی و فکری مسئلہ بھی انہیں درپیش تھا اور دینی مسائل سے متعلق وہ عقلی مسائل بھی تھے جو نئی سائنسی معلومات کی وجہ سے سامنے آرہے تھے۔[54]

خطبات احمدیہ کی خصوصیات اور سیاسی اثرات کا جائزہ

An examination of the characteristics and political implications of the Khutbat e Ahmadiyya

اس کتاب کی خوبی اور جو کچھ اس میں لکھا گیا ہے اس کی حقیقت جب تک اصل کتاب کو نہ دیکھا جائے ہر گز معلوم نہیں ہو سکتی۔ خصوصاً اردو خطبات جو سر سید نے انگلستان سے آنے کے بعد لکھی ہے انگریزی کتاب کی بہ نسبت زیادہ وسیع معانی کی حامل ہے، جس سے مصنف کی محنت و لیاقت اور اسلام سے محبت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ نیز جب سر سید نے خطبات احمدیہ لکھی اس وقت مذہبی تحقیقات کے متعلق ان میں وہ آزاد خیالی پیدا نہیں ہوئی تھی جیسی تفسیر القرآن میں دیکھی جا سکتی ہے۔خطبات احمدیہ میں بعض مقامات ایسے ہیں جہاں سر سید نے اسلام کے اصول متعارفہ کے خلاف آواز بلند کی ہے۔ مثلاً واقعہ معراج کے مضمون کو رویا پر محمول کیا ہے ، شق صدر اور براق کی سواری کو بھی اسی قبیل میں شامل کیا ہے ۔البتہ سر سید نے ان روایات کی جن کی بناء پر سر ولیم میور William Muir نے آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ پر اعتراضات وارد کیے تھے نہایت مدلل انداز میں تردید کی ہے۔ ولیم میور[55](1819ء-1905ء) نے جب خطبات احمدیہ کو پہلی بار دیکھا تو اس نے کہا۔

I have not objected to Syed Ahmed's Islam, but I have objected to the Islam which is followed by Muslims all over the world.

میں نے سید احمد کے اسلام پر اعتراض نہیں کیے بلکہ اس اسلام پر اعتراض کیے ہیں جس کو تمام دنیا کے مسلمان مانتے چلے آتے ہیں۔

یہاں خطبات احمدیہ فی العرب والسیرۃ المحمدیہ ﷺ میں سے چند اقتباسات پیش کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ اقتباس سر سید احمد خان کے الخطبۃ الحادی عشر فی حقیقۃشق الصدر و ماہیئۃ المعراج میں بیان کردہ نظریات وافکار پر روشنی ڈالتا ہے۔

قرآن مجید کی رو سے ہم کو شرح صدر پر جس کو آخر کار لوگ شق صدر کہنے لگے اور نفس معراج کی صحت و صداقت پر بغیر شبہ کے ایمان لانا چاہیے۔ لیکن وہ حدیثیں اور روایتیں جو شق صدر اور معراج سے تعلق رکھتی ہیں وہ باہم اس قدر مختلف اور متعارض و متناقض ہیں کہ کوئی بھی قابل اعتبار نہیں ہے اور ان کی صحت کی کافی سندیں بھی نہیں ہیں۔[56]

مذکورہ بالا موٴقف اپنانے کے بعد سر سید از خود اس کی صراحت کرتے ہیں اور وضاحت میں لکھتے ہیں کہ

عیسائی مصنف ایک بڑی غلطی میں پڑے ہیں اور اپنی کتابوں تورات و انجیل کے ان مقاموں کو جن میں تاریخی واقعات بیان ہوئے ہیں بمنزلہ وحی الٰہی یعنی کلام الٰہی کے سمجھتے ہیں اور ان سب کو ہر طرح کی غلطی اور خطا سے پاک سمجھتے ہیں حالانکہ ان میں بہت سی غلطیاں پائی جاتی ہیں۔ اسی طرح انہوں نے یہ خیال کر لیا ہے کہ مسلمان بھی اپنی حدیثوں اور روایتوں کو ایسا ہی بے نقص اور صحیح سمجھتے ہوں گے اور اس خیال خام سے انہوں نے مسلمانوں کی تمام حدیثوں اور روایتوں کو نا قابل خطا تصور کر کے اسلام پر نہایت سخت طعن و تشنیع کی ہے لیکن وہ بڑی غلطی میں پڑے ہیں کیونکہ ہشامی، واقدی، دارمی اور شرح السنہ کی روایتیں صحت سے بہت دور ہیں۔ محققین علمائے اسلام ان کو محض نا قابل اعتبار سمجھتے ہیں اور بیہودہ افسانے جو محض جہلا کے خوش کرنے کے قابل ہیں خیال کرتے ہیں۔[57]

علاوہ ازیں سر سید نے شق صدر کی روایت جو حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے اصح الکتب بعد القرآن کے بعد دوسرے نمبر پر یعنی الصحیح المسلم میں موجود ہے۔ اس کا بھی یک گونہ اقرار کر کے چار وجوہ سے اس کو باطل قرار دے دیا۔ اور واقعہ معراج کے ضمن میں لکھا کہ معراج کے تمام واقعات جو کچھ کہ ہوں بطور رؤیا کے آنحضرت ﷺ پر منکشف ہوئے تھے پس جو بیان شق صدر کا اس روایت میں ہے وہ بھی رؤیا سے متعلق ہے۔[58]

مگر ہم ان عیسائی مصنفین کا شکر ادا کیے بغیر نہیں رہ سکتے جنہوں نے انصافانہ تسلیم کیا ہے آنحضرت ﷺ ہمیشہ اس واقعے کو خواب کا واقعہ بیان کرتے تھے اور انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ راویوں نے جو زیادتیاں اس میں بیان کر دی ہیں ان سے بانی اسلام پر کوئی الزام عائد نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ اکتوبر کے کواٹرلے ریویو 254 میں ایک عیسائی مصنف نے یہ رائے لکھی ہے کہ جو کچھ ہم کو اس مقام پر بیان کرنا ہے وہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کو اپنے بعض سر گرم پیرؤں کا ذمہ دار نہیں قرار دینا چاہیے جب کہ انہوں نے اس خواب کو ایک مہمل اور لایعنی چیز کے سارے ھ بدل دیا۔[59]

خطبات احمدیہ جہاں منفرد خصوصیات کی حامل ہے۔ وہاں بعض باتیں مصنف کے حوالے سے اور بعض کتاب کے حوالے سے جمہور علماء کی آراء سے مختلف ہیں بلکہ کسی حد تک قابل اعتراض بھی ہیں۔ مصنف نے اپنے مد مقابل ولیم میور William Muir کے بارے میں کسی مرحلے پر معاندانہ، مناظرانہ اور طنز آمیز لب ولہجہ اختیار نہیں کیا لیکن مقام تعجب ہے کہ جہاں اپنے اسلاف پر تنقید کی وہاں شائستگی کو بھی خیر باد کہہ دیا۔[60]

مثلاً امام محمد بن اسماعیل بخاری علیہ الرحمۃ (810ء-870ء) کے بارے میں لکھتے ہیں۔

محمد بن اسماعیل بخاری مسلمانوں میں بہت بڑا عالم اور مقدس مصنف ہے۔ایک کتاب اس کی صحیح بخاری [61] ہے جو بلحاظ اس حیثیت سے جس حیثیت سے وہ تصنیف ہوئی نہایت معتبر اور مستند خیال کی جاتی ہے گو کہ دوسری حیثیت سے وہ ایسی نہ ہو۔دوسری کتاب اس کی تاریخ بخاری ہے جو کچھ بھی قدر کے لائق نہیں ہے۔ [62]

سیرت کی معروف کتاب مواہب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ کے بارے میں لکھتے ہیں۔

مصنف مواہب لدنیہ(1448ء-1517ء) [63] نے سب سے زیادہ نادانی کی ہے کہ ان مختلف روایتوں کو دیکھ کر بعوض ان کے ان کو نامعتبر ٹھہراتا، یہ تسلیم کیاہے کہ شق صدر کا واقعہ پانچ مرتبہ پیش آیا۔ہمعصر علماء کے بارے میں بھی کئی مقامات پر غیر شائستہ زبان استعمال کی گئی ہے۔مثلاً محمد میاں صدیقی نے فکر و نظر میں اپنے مضمون اردو زبان میں چند اہم کتب سیرت میں لکھا کہ سرسید احمد خان مولوی زین العابدین کے متعلق لکھتے ہیں۔

بعض احباب نالائق مولوی زین العابدین نے میرا ارادہ درباب تحریر جواب کتاب ولیم میور صاحب جو نسبت آنحضرت ﷺ لکھی ہے، سست کر دیاہے اور بر وقت روانگی سامان اور چندہ کرنے نہیں دیا۔ [64] انتہائی تحقیق کے باوجود خطبات احمدیہ اہل علم کی نظر میں ایک متنازعہ کتاب قرار پائی۔اگر یہ کہا جائے کہ اردو میں سیرت رسول ﷺ پر لکھی جانے والی تمام کتب میں سب سے زیادہ ہدف تنقید ٹھہرائی جانے والی کتاب خطبات احمدیہ ہے تو بے جا نہ ہوگا۔اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ولیم میور نے اسلام اور نبی ﷺ کی ذات اقدس پر جو اعتراضات کیے سرسید ان واقعات کی حقیقت سے ہی منحرف ہو گئے۔ولیم میور نے جسمانی معراج کا انکار کیا تو سرسید بجائے اس کے کہ یہ ثابت کرتے کہ ایسا ممکن ہے سرے سے ان روایات کا ہی انکار کر دیا جن سے اس کا ثبوت ملتا تھا۔حالانکہ ایک صدی گزرنے کے بعد سائنسی تحقیقات اس منزل پر پہنچ چکی ہیں کہ جو طبقہ کل تک ایسی باتوں کا انکار کرتا تھا اب ان کا معترف نظر آتا ہے۔ [65]

انبیاء علیہم السلام کے ساتھ پیش آنے والے بعض خلاف عادت واقعات کو معجزہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ دوسروں کے لیے ایسا ممکن نہیں وہ اس سے عاجز ہیں۔معجزہ حقیقت میں معرفت نبوت کا ایک ذریعہ ہے اسے عقل کی ترازو میں کیسے تولا جا سکتا ہے۔نبوت ورسالت کی حدود وہاں سے شروع ہوتی ہیں جہاں انسانی عقل کی رسائی ختم ہو جاتی ہے اور اس کے حواس،ادراک وشعور عاجز و ماندہ ہو جاتے ہیں۔نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نبوت ورسالت سے پہلے شق صدر کا واقعہ پیش آیا،محدثین کا اس بارے میں تو اختلاف ہے کہ یہ واقعہ کتنی بار پیش آیا لیکن جمہور علماء اس کے وقوع کے منکر نہیں ہیں،لیکن سرسید نے اس کے وقوع کا ہی انکار کر دیا۔اور اس انکار کی بنیادی وجہ عقل میں نہ آنا ہے۔انہوں نے شق صدر کو شرح صدر سے تعبیر کیا جو بڑا عجیب سا موقف ہے۔تیرہ صدیوں تک علماء شق صدر اور شرح صدر میں فرق نہیں کر سکے،یہ کیسے ممکن ہے؟شق صدر کی روایات کو مسلم(822ء-875ء)،ابوداؤد طیالسی(751ء-819ء)،احمد بن حنبل(780ء-855ء)،زرقانی،بیہقی(994ء-1066ء)،طبرانی،عسقلانی(1372ء-1449ء)،ابن سعد(784ء-845ء)،ابن ہشام(833ء)اور سیوطی(1445ء-1505ء)نے اپنی اپنی کتب میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد سرسید کا یہ کہنا کہ یہ سب بیکار کی باتیں اور بیہودہ افسانے ہیں نہ صرف یہ کہ بے دلیل بات ہے بلکہ غیر شائستہ انداز فکر و تحریر ہے۔علمی طور پر سرسید کے قد و قامت کو ان مذکورہ بالا افراد میں سے کسی ایک کے برابر بھی قرار نہیں دیا جا سکتا چہ جائیکہ ان سب کی معتبر اور معتمد روایات پر سرسید کی بے دلیل بات کو ترجیح دی جائے۔ [66]

کتب احادیث کے بارے میں لکھنا کہ دو برس بعد حدیث شروع ہوئی بڑی بچگانہ سی بات ہے۔مولانا محمد اسماعیل ندوی نے اس ضمن میں اپنی رائے کا اظہار یوں کیا ہے۔

